© rasailojaraid.com



# چار سال کا بچّہ جس نے اپنے باپ کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کردیا

جس طرح سائنس اور ٹکنالوجی کی اکثر ایجاد و اختراع انسانوں کو حیرت زدہ کردیتی ہیں اسی طرح کبھی کبھی روحانی قوتوں کے کرشمے بھی عقلِ انسانی کو حیران کردیتے ہیں۔ اور انسان کو اس ترقی یافتہ مادی دور میں بھی روحانیت کی طاقت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ روحانی طاقت کا ایک ایسا ہی کرشمہ حال ہی میں افریقہ کے ایک ملک زمبیا میں رونما ہوا ہے۔ اس ملک سے انگریزی میں شائع ہونے والے اخبار ٹائمز آف زمبیا نے اپنی ۱۱ر ستمبر ۱۹۸۰ء کی اشاعت میں روحانی طاقت کے اس حیرت انگیز واقعہ کی تفصیلات شائع کی ہیں۔

اس اخبار کی اطلاع کے مطابق زمبیا کے ایک پچاس سالہ کٹر عیسائی ڈیوڈ کمبی لمبیلو نے اپنے ۴ سالہ بچے کی روحانی تبلیغ و ترغیب پر اسلام قبول کیا۔ اس اخبار کے مطابق ڈیوڈ لمبیلو کا بیان ہے کہ اس کا لڑکا سمانانہ کمبی لمبیلو جو اس علاقے میں "عمر" کے نام سے مشہور ہے اور جسکی عمر اس وقت چار سال ہے، جب وہ ۱۸ ماہ کا تھا۔ اسوقت جب ہم لوگ گرجا گھر (چرچ) جاتے وہ چیختا چلاتا اور روتا تھا۔ یہ بچہ جب چلنے اور بولنے کے قابل ہوا تو اس نے ہمیں بتایا کہ اس کا ایک علیٰحدہ چرچ ہے۔ جس کے لئے اس بچہ نے "ازامو" کا لفظ استعمال کیا۔ چونکہ یہ لفظ ہمارے لئے اجنبی تھا اس لئے ہم نے بعض عالموں سے رجوع کیا اور انہوں نے بتایا کہ یہ لفظ مسجد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پھر جب ہم اس بچے کو لیکر کابوشی میں مسجد کے قریب سے گذر رہے تھے۔ اس وقت بچے نے مسجد کیطرف اشارہ کرتے ہوئے مسرت سے چیخ کر کہا کہ یہ ہے میرا چرچ۔ اس کے بعد یہ بچّہ روزانہ صبح ۵ بجے مجھے جگاتا اور ساتھ لے کر ۵ کیلومیٹر کا راستہ طے کر کے کابوشی مسجد پہنچتا اور وہاں نماز پڑھتا تھا۔ یہ بچّہ پانچوں وقت کی نماز ادا کرتا اور روحانی طاقت کے اس کرشمے سے متاثر ہوکر میں بھی مشرف بہ اسلام ہوگیا۔

ڈیوڈ لمبیلو کا کہنا ہے کہ جب انہوں نے یہ واقعات زمبیا ایسوسی ایشن آف اسلام کے سیکرٹری شیخ عبدالحمید بوالہدیٰ کو بتایا تو انہوں نے کہا کہ خدا ایسی روحانی طاقتوں کے ذریعہ اپنے بندوں کو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے۔

بہرصورت یہ روحانی طاقت کے سوا اور کوئی بات نہیں ہوسکتی کہ ۱۸ ماہ کا بچّہ رو کر اور شور مچا کر دینی رجحان کا اظہار کرسکے اور چار سال کی عمر میں اس نے اپنے ماں باپ کے دین سے ہٹ کر اپنا معبد پہچانا اور اپنا دین تلاش کرلیا۔



© rasailojaraid.com